ہے؟/ ڈاکٹر نثار احمد۔ مقام محمد ﷺ: محمد احادیث کی روشنی میں/ ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی۔ قرآن مجید کا جمالیاتی اسلوب اور سیرت نبوی ﷺ/ پروفیسر ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری۔ اسلام کا نظام تعلیم اور ہمارے لئے ہدایت: تعلیمات نبوی ﷺ کی روشنی میں/ حافظ سید فضل الرحمٰن۔ رسول کریم ﷺ کی ازدواجی زندگی: اعتراضات کا جائزہ/ مولانا ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی۔ مذہبی اعتدال پسندی اور نبوی تعلیمات/ سید عزیز الرحمٰن۔

مجلّہ معیاری طباعت، عمدہ کاغذ اور سادہ سرورق کے ساتھ منظر عام پر آیا ہے۔

نام کتب: آفتاب نبوت ﷺ کی ضیاء پاشیاں۔ روئے زیبا ﷺ کی تابانیاں۔ جمال محمد ﷺ کا دل ربا منظر۔ ماہتاب نبوت ﷺ کی ضَو افشانیاں

مؤلف: مولانا عبدالقیوم حقانی

صفحات: بالترتیب: ۲۰۲۔ ۱۵۶۔ ۲۰۶۔ ۲۱۰

قیمت: ۱۲۰ روپے فی جلد

ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، خالق آباد، ضلع نوشہرہ، سرحد، پاکستان

تبصرہ نگار: محمد عرفان المانی

مولانا عبدالقیوم حقانی کی کتاب شرح شمائل ترمذی اس سے قبل دو جلدوں میں شائع ہو چکی ہے۔ جس پر مفصل تبصرہ ان صفحات میں (السیرہ شمارہ ۱۲) اس سے قبل آچکا ہے۔ درج بالا کتب اسی شرح کا حصہ ہیں۔ جنہیں قارئین کی سہولت کی خاطر فاضل مؤلف نے موضوعات کی ترتیب سے علیحدہ علیحدہ شائع کرنے کا اہتمام کیا ہے۔ چنانچہ پہلی کتاب میں رسول اللہ ﷺ کے کھانے پینے کے معمولات کے متعلق شمائل ترمذی کی ۱۷۷ احادیث کی تشریح بیان کی گئی ہے۔ دوسری کتاب میں آپ ﷺ کے لباس، گزراوقات کے انداز اور آپ ﷺ کے فقر و استغنا کے ساتھ ساتھ بعض دیگر موضوعات پر ۱۴۸ احادیث کی مفصل تشریح بیان کی گئی ہے۔ تیسری کتاب میں آپ ﷺ کے چہرہ انور، آپ کے جمال و کمال اور بعض دیگر موضوعات پر ۲۲ احادیث کی شرح ہے۔ اور چوتھی کتاب میں رسول اللہ ﷺ کے استعمال کی بعض چیزوں اور نشست و برخاست کے حوالے سے شمائل ترمذی کی ۶۰ احادیث کی توضیح و تشریح کی گئی ہے۔

چاروں کتب معیاری طباعت کے ساتھ شائع ہوئی ہیں۔